# آزاد جموں و کشمیر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میرپور

## نوٹیفکیشن

1- شیڈول داخلہ جماعت نہم تعلیمی سیشن 19-2017

| | فیس | آخری تاریخ داخلہ | فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ | رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں وصولی کی آخری تاریخ |
|---|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | -/800 روپے فی امیدوار | 31-05-2017 | 03-06-2017 | 17-06-2017 |
| دوسرا مرحلہ | -/1,150 روپے فی امیدوار | 14-06-2017 | 17-06-2017 | 01-07-2017 |
| تیسرا مرحلہ (بعد از منظوری جناب چیئرمین اس کے بعد داخلہ کی قطعاً اجازت نہ ہوگی) | -/1,600 روپے فی امیدوار | 14-07-2017 | 17-07-2017 | 31-07-2017 |

ہر مرحلہ میں کئے گئے داخلہ جات کی رجسٹریشن فیس ہر مرحلہ کے داخلہ کی مدت کے اختتام کے بعد متذکرہ بالا شیڈول کے مطابق حبیب بینک /ڈاکخانہ میں جمع کروا کر رجسٹریشن ریٹرن معہ اصل چالان /منی آرڈر رسید بمطابق شیڈول دفتر بورڈ میں پہنچائی جائے۔ تاخیر کی صورت میں پہلے ماہ مبلغ -/1,000 روپے اور اس کے بعد مبلغ -/100 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ درج بالا شیڈول سے ہٹ کر داخل کردہ امیدوار/امیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن قبول نہ ہوگی البتہ شیڈول کے مطابق داخل کردہ امیدوار/امیدواران کی ریٹرن تاخیر سے وصول ہونے کی صورت میں ایسے کیسز کے ساتھ بطور ثبوت رجسٹر داخل خارج، رسید/چالان داخلہ فیس اور رجسٹر حاضری کی مصدقہ نقول کے ساتھ ارسال کرنے پر تحت ضابطہ جرمانہ بعد از منظوری جناب چیئرمین وصول کیا جائیگا۔ نیز اگر کوئی رجسٹرڈ ادارہ کسی دوسرے غیر رجسٹرڈ اداروں کے طلباء/ طالبات کو اپنے طالب علم ظاہر کر کے رجسٹریشن ریٹرن ارسال کرنے کے جرم کا مرتکب پایا گیا تو اس ادارہ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔ یا ادارہ کو مبلغ -/30,000 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ اور غیر رجسٹرڈ ادارہ کے طلباء کی جمع شدہ رجسٹریشن فیس بھی بحق بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔ نیز اگر کوئی ادارہ طلباء و طالبات کی ڈبل رجسٹریشن کروائے گا/ کروانے کی کوشش کرے گا تو فی طالب علم مبلغ ایک ہزار سے پانچ ہزار روپے تک جرمانہ/ متعلقہ امتحان منسوخ کرنے کے علاوہ ادارہ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔

2- **جماعت نہم میں داخلہ کے لیے عمر کی حد**

**جماعت نہم میں داخلہ کیلئے طالب علم/ طالبہ کی عمر 01-08-2017 کو کم از کم 12 سال ہونی چاہیئے۔ 12 سال سے کم عمر طالب علم/ طالبہ کو ہرگز داخل نہ کیا جائے۔**

3- **فیس**

رجسٹریشن فیس، سپورٹس فیس و سند فیس مبلغ -/800 روپے فی طالبعلم/ طالبہ وصول کی جائے گی۔ ریٹرن میں درج تعداد طلباء/ طالبات کے مطابق رجسٹریشن فیس ارسال کی جائے زائد ارسال کردہ/ جمع شدہ فیس ضبط کر لی جائے گی۔ جمع شدہ فیس کا اصل چالان/ رسید ریٹرن کے ہمراہ ارسال فرمائیں۔

4- **رجسٹریشن ریٹرن کی تکمیل**

(i) رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کی طرف سے مہیا کردہ فارم پر ہی مرتب کی جائے۔ طلباء/ طالبات کی ریٹرن الگ الگ مرتب کی جائے۔

(ii) ہر طالبعلم/ طالبہ کی تاریخ پیدائش ہندسوں اور الفاظ میں نام اور والد کا نام اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں مکمل اندراج کیا جائے۔ مثلاً محمد ندیم خان ہے تو M. NADEEM OR MOHD NADEEM کی بجائے "MUHAMMAD NADEEM KHAN" مکمل لکھا جائے۔ نام، ولدیت میں غلطی، تضاد یا چھوٹ (Omission) اور تاریخ پیدائش کے الفاظ، ہندسوں میں تضاد یا چھوٹ کی صورت میں یا ریٹرن میں کوائف مثلاً داخلہ نمبر، تاریخ داخلہ در جماعت نہم/ دہم، نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، جنس، سکول/ کالج کا نام، گروپ مضامین، گروپ کوڈ، اختیاری مضامین، تعلیمی سیشن، دستخط/ مہر سربراہ ادارہ درج/ ثبت نہ ہونے پر -/500 روپے فی غلطی کے حساب سے درستگی فیس وصول کی جائیگی۔

(iii) ایسے طلباء/ طالبات جنہوں نے ضلعی ایلیمنٹری بورڈ کے زیر اہتمام مڈل کے امتحان میں شمولیت نہیں کی رجسٹریشن ریٹرن کے ہمراہ انکے مڈل پاس سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل از D.E.O ارسال کرنا ضروری ہوگی۔ جنہوں نے ضلعی ایلیمنٹری بورڈ کے زیر اہتمام مڈل کا امتحان پاس کیا ہے رجسٹریشن ریٹرن پر صرف رولنمبر اور ضلعی تعلیمی بورڈ کا نام درج کریں۔ رجسٹریشن ریٹرن کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کی مہر اور دستخط ہونا ضروری ہیں۔

(iv) **قطع و برید** سے احتراز کیا جائے۔ انتہائی ناگزیر صورت میں کٹنگ پر دستخط ثبت کیئے جائیں۔ **نیز فلیوڈ کا استعمال ہرگز نہ کیا جائے۔**

(v) **نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش نادرا کے فارم (ب) اور ابتدائی ریکارڈ کے مطابق درج کی جائے اور اس امر کی تصدیق دی جائے کہ ہر دو اندراجات میں تضاد نہیں ہے۔ نیز ریٹرن فارم کے رجسٹریشن نمبر کے کالم میں فارم "ب" کے مطابق امیدوار کا نادرا کا رجسٹریشن نمبر بہر صورت درج کیا جائے۔ فارم "ب" (نادرا) کی مصدقہ نقل ہمراہ ریٹرن ارسال کرنا ہوگی۔**

(vi) تیسرے مرحلہ میں داخل کردہ امیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن معہ فیس و فارم برائے لیٹ ایڈمیشن مکمل کر کے مقررہ تاریخ تک دفتر بورڈ میں ارسال کریں۔

5- **رجسٹریشن کارڈ زمیں درستی**

رجسٹریشن کارڈز وصول ہوتے ہی سکول ریکارڈ سے موازنہ کیا جائے۔ کوائف میں غلطی، چھوٹ یا تضاد کی صورت میں رجسٹریشن کارڈز کی دفتر بورڈ سے ارسالگی کی تاریخ کے ایک ماہ کے اندر مبلغ -/500 روپے فی غلطی کے حساب سے فیس بحق بورڈ جمع کروا کر اصل چالان رسید اور فارم "ب" کی مصدقہ فوٹو کاپی فراہم کرنے پر درستی کی جائیگی۔ نام، ولدیت کے ہجوں کی درستی کیلئے -/500 روپے فی غلطی فیس درستگی بحق بورڈ جمع کروانے پر ہی درستگی کی کارروائی ممکن ہوگی نیز بورڈ کی طرف سے کوائف میں غلطی کی صورت میں رجسٹریشن کارڈز کی ارسالگی کے 90 دن کے اندر بغیر فیس درستی کروائی جاسکتی ہے اس کے بعد ادارہ کو -/500 روپے فیس فی درستی ادا کرنا ہوگی۔

(جاری ہے)

## 6- دوبارہ داخلہ کی شرائط

دوبارہ داخلہ جماعت نہم کے نتائج کی اشاعت کے بعد 30 دن کے اندر دیا جائے اور داخلہ کے 5 دن کے اندر رجسٹریشن فیس اور رجسٹریشن ریٹرن بورڈ میں وصول ہونا لازمی ہے۔ (اس ضمن میں غلط بیان حلفی راوورسیشن طلباء کو داخلہ دینے کی پاداش میں مبلغ -/1,000 روپے جرمانہ فی امیدوار اور ریٹرن مسترد کی جائے گی)

(i) ری ایڈمیشن سے متعلقہ طلبا/ طالبات کی ریٹرن الگ مرتب کی جائے جنرل ریٹرن میں ایسے امیدواران کے کوائف کا اندراج ہرگز نہ کیا جائے اور ریٹرن پر ان کا الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر ہی درج کیا جائے نیز فیل رزلٹ کارڈ کی نقل کے علاوہ ری ایڈمشن فیس -/600 اور تبدیلی گروپ کی صورت میں تبدیلی گروپ فیس مبلغ -/1,500 کل -/2,100 روپے بورڈ اکونٹ میں جمع کروا کر اصل چالان رسید بھی ارسال کرنا ہوگی۔ یاد رہے کہ جماعت نہم پاس کرنے کی صورت میں رزلٹ منسوخ کروانے کے بعد ہی ری ایڈمشن حاصل کیا جاسکے گا۔

(ii) اگر کوئی طالب علم جماعت نہم میں نامساعد وجہ سے اپنا تعلیمی سلسلہ جاری نہ رکھ سکا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو اگلے ہی تعلیمی سیشن کے شیڈول داخلہ کے تحت دوبارہ داخلہ دیا جا کر ری ایڈمیشن فیس مبلغ -/600 روپے کے اصل بینک چالان رسید کے ہمراہ الگ سے رجسٹریشن ریٹرن ارسال کرنا ہوگی۔

(iii) جماعت نہم میں تحت ضابطہ صرف وہی طلباء/طالبات دوبارہ داخلہ حاصل کرسکیں گے جو امتحان سالانہ 2017 پارٹ I (جماعت نہم) میں فیل/ ایک مضمون یا زائد مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیئے ہوں/ امتحان پارٹ I (جماعت نہم) میں غیر حاضر رہے ہوں وہ پارٹ I میں اپنے ہی گروپ یا گروپ تبدیل کر کے اپنے متعلقہ ادارہ یا کسی دوسرے ادارے میں داخلہ حاصل کرسکیں گے۔

(iv) اگر کوئی امیدوار جماعت نہم کا امتحان پاس کرنے کے بعد نمبرات کم ہونے کی صورت میں دوبارہ داخلہ حاصل کرنا چاہے تو اسے ری ایڈمیشن سے قبل اپنا پارٹ I (جماعت نہم) کا نتیجہ منسوخ کروانے کے لئے اسٹامپ پیپر پر اس امر کا بیان حلفی تصدیق شدہ از مجسٹریٹ درجہ اول ارسال کرنا ہوگا۔ کہ وہ امتحان ثانوی پارٹ II (جماعت دہم) میں شامل نہیں ہوا نیز ری ایڈمیشن کی صورت میں کسی مرحلہ پر پوزیشن/ انعام کا حقدار نہ ہوگا۔ پوزیشن کے حقدار صرف وہ امیدوار ہوں گے جنہوں نے ادارہ میں پہلی مرتبہ داخلہ حاصل کیا ہوگا۔

(v) اوورسیشن یعنی تعلیمی سیشن 17-2015 یا اس سے قبل رجسٹرڈ امیدواران کو دوبارہ داخلہ کی اجازت نہ ہوگی، امیدواران ری ایڈمیشن کی سہولت ایک ہی مرتبہ حاصل کرسکتے ہیں۔

## 7- بورڈ کی علاقائی حدود میں ہجرت کرنے والے طلبہ و طالبات

ایک ادارہ میں داخلہ حاصل کرنے کے بعد کسی دوسرے ادارہ میں ہجرت کر کے داخلہ کی صورت میں بورڈ ہذا سے مائیگریشن سرٹیفکیٹ / این او سی (NOC) سکول سے حاصل کرنا لازمی ہوگا۔ جس کی عام فیس -/600 روپے اور ارجنٹ فیس -/850 روپے مقرر ہے۔ مائیگریشن درخواست فارم بورڈ سے اور بورڈ کی ویب سائیٹ نمبر www.ajkbise.edu.pk سے حاصل کیا جاسکے گا۔ **مائیگریشن امتحانی شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک کروائی جاسکے گی۔**

## 8- دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود سے آنے والے طلبہ/طالبات کا داخلہ

دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود میں جماعت نہم میں داخلہ حاصل کرنے کے بعد ہجرت کر کے بورڈ ہذا کی علاقائی حدود میں داخلہ حاصل کرنے کیلئے طلباء/ طالبات کو سابقہ بورڈ کا جاری کردہ مائیگریشن سرٹیفکیٹ/ این او سی (NOC) اور سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ (School Leaving Certificate) پیش کرنے پر داخل کیا جاسکے گا بشرطیکہ سابقہ سکول چھوڑنے کی تاریخ سے 30 دن کے اندر داخلہ حاصل کرلیا جائے۔ ایسے طلباء/ طالبات کے داخلہ حاصل کرنے کے 14 دن کے اندر رجسٹریشن فیس اور ریٹرن بورڈ میں وصول ہونا لازمی ہے۔ دیگر بورڈز سے جماعت نہم کا امتحان دے کر آنے والے امیدواران کے اصل NOC کے علاوہ رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقل فراہم کرنا ہوگی۔ تاخیر کی صورت میں حسب قواعد جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

## 9. مضامین / گروپ کی تبدیلی

مضامین رگروپ کی تبدیلی 10-12-2017 تک فی مضمون فیس -/500 روپے اور گروپ تبدیلی فیس -/1500 روپے اور امتحان کے آغاز سے 30 ایام قبل تک فی مضمون فیس -/700 روپے اور گروپ تبدیلی فیس -/2000 روپے حبیب بینک میں بورڈ اکاؤنٹ میں جمع کروا کر اصل بینک چالان ہمراہ درخواست ارسال کرنے پر کروائی جاسکتی ہے۔

**نوٹ:** i) سکیم آف سٹڈیز کے مطابق سائنس گروپ میں مضمون بیالوجی رکمپیوٹر سائنس اختیار کیا جاسکتا ہے۔ ٹیکنیکل مضمون سائنس گروپ میں اختیار کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

ii) رجسٹریشن سے متعلقہ تمام خط و کتابت (از قسم الحاق اور تبدیلی بورڈ رتبدیلی سکول رکالج) زیر دستخطی کے پتہ پر کی جائے۔

03/5/17
سیکریٹری

نمبر: بورڈ رجسٹریشن ر 5741-7641 /2017 مورخہ: 03-05-2017

**نقل بالا بخدمت**

1- جناب پرنسپل سیکرٹری ہمراہ جناب وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
2- جناب پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب وزیر تعلیم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
3- جناب سیکرٹری تعلیمات (ہائیر ایجوکیشن رایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
4- جناب ناظم اعلیٰ تعلیمات کالجز/ سکولز آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفرآباد۔
5- جناب ڈویژنل ڈائریکٹر (کالجز/ سکولز) میرپور/ مظفرآباد ڈویژن۔
6- ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر صاحبان/ صاحبات ضلع میرپور/ بھمبر/ کوٹلی/ سدھنوتی/ پونچھ/ باغ/ مظفرآباد/ نیلم رھٹیاں بالا رحویلی۔
7- جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات آزاد کشمیر کالجز/ ہائرسیکنڈری سکولز/ سکولز۔
8- ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
9- نمائندگان PTV/APP، روزنامہ، نوائے وقت/ جنگ/ پاکستان/ اوصاف/ خبریں/ انصاف/ کائنات/ اساس/ جناح بغرض اشاعت بطور خبر۔
10- نیوز آڈیٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو مظفرآباد/ تراڑکھل/ میرپور۔
11- داخلی تقسیم/ آفس آرڈر فائل/ مسل متعلقہ/ نوٹس بورڈ۔